18-01-2026

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2026ء

مضمون:	التصوف والآداب	کل وقت:	30منٹ
کلاس:	الشهادة العالية (السنة الثانية)	کل نمبر:	20

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ____________

نام طالبعلم: ____________

حصہ معروضی

سوال نمبر1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہو گا۔

1۔ "الادب المفرد" اس فن کی کتاب ہے:

(الف) حدیث (ب) اصول حدیث (ج) فقہ (د) اصول فقہ

2۔ امام بخاری کا نام ہے:

(الف) محمد بن اسماعیل (ب) محمد بن عبد اللہ (ج) محمد بن احمد (د) محمد بن عیسیٰ

3۔ اس کی رضا میں رب کی رضا ہے:

(الف) والد (ب) ماں (ج) بہن (د) بیوی

4۔ والدین کے ساتھ لڑائی کرنے سے دوزخ کے اتنے دروازے کھل جاتے ہیں:

(الف) 1 (ب) 2 (ج) 3 (د) 4

5۔ مشرک والد کے ساتھ حسن سلوک کرنا ہے:

(الف) جائز (ب) حرام (ج) مکروہ (د) اساءت

6۔ قطعہ رحمی ہے:

(الف) حرام (ب) مکروہ تحریمی (ج) مکروہ تنزیہی (د) اساءت

7۔ ان کے قدموں میں جنت ہے:

(الف) والد (ب) ماں (ج) دونوں (د) دونوں نہیں

8۔ قطع رحمی کی وجہ سے کم ہو جاتی ہے:

(الف) دولت (ب) حسن (ج) عمر (د) مرتبہ

9۔ اللہ نے اپنی رحمت کے اتنے حصے مخلوق کو دیے:

(الف) 1 (ب) 2 (ج) 3 (د) 4

10۔ اتنی بیٹیوں کی پرورش پر جنت کی بشارت ہے:

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

ورق الٹئے

11۔ والدین کو گالی دینا ہے:

(الف) گناہ کبیرہ (ب) گناہ صغیرہ (ج) اساءت (د) مکروہ تنزیہی

12۔ اولاد کے درمیان انصاف کرنا ہے:

(الف) واجب (ب) مستحب (ج) مباح (د) مکروہ

13۔ اس کی بیوی کے ساتھ زنا کرنا کئی گناہ سے بڑا ہے:

(الف) بیمار (ب) بوڑھے (ج) پڑوسی (د) چھوٹوں

14۔ اللہ تعالیٰ نے حسن سلوک کا حکم دیا ہے:

(الف) والدین (ب) رشتہ دار (ج) مساکین (د) تینوں

15۔ آپ نے فرمایا میں اور اس کی کفالت کرنے والا دو انگلیوں کی طرح جنت میں اکٹھے ہوں گے:

(الف) فقیر (ب) مسکین (ج) یتیم (د) تینوں

16۔ "سبابۃ" اس انگلی کو کہتے ہیں:

(الف) شہادت والی (ب) درمیانی (ج) انگوٹھا (د) تینوں

17۔ جس گھر میں یتیم کے ساتھ حسن سلوک کیا جاتا ہے وہ ہے:

(الف) اچھا (ب) بہت اچھا (ج) سب سے اچھا (د) کوئی نہیں

18۔ اس اولاد کے فوت ہونے کی وجہ سے جہنم کی آگ حرام ہو جاتی ہے:

(الف) چھوٹی بیٹی (ب) بڑی بیٹی (ج) چھوٹا بیٹا (د) بڑا بیٹا

19۔ اس کا شکریہ ادا کرنے سے زیادہ ملتا ہے:

(الف) لوگوں کا (ب) اللہ کا (ج) دونوں کا (د) والدین کا

20۔ حدیث شریف میں صدقہ کو قرار دیا گیا ہے:

(الف) تسبیح (ب) الحمدللہ کہنا (ج) مسکرا کر ملنا (د) تینوں

18-01-2026

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2026ء

مضمون:	التصوف والآداب	کل وقت:	2:30 گھنٹے
کلاس:	الشهادة العالية (السنة الثانية)	کل نمبر:	80

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ------------------------

حصہ انشائیہ

سوال نمبر2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ والدین کے ساتھ حسن سلوک کے بارے ایک حدیث لکھیں۔

2۔ "الادب المفرد" کے تعارف پر دو لائنیں لکھیں۔

3۔ والدین کے ساتھ حسن سلوک پر دو لائنیں لکھیں۔

4۔ اگر والدین غیر مسلم ہوں تو کیا پھر بھی ان کے ساتھ حسن سلوک کا حکم ہے؟

5۔ والد کی رضا کے بارے حدیث لکھیں۔

6۔ صلہ رحمی کے بارے میں ایک حدیث لکھیں۔

7۔ بچوں کے ساتھ پیار کرنے کے بارے میں ایک حدیث تحریر کریں۔

8۔ "الصلاح من اللہ والادب من الآباء" کی مختصر وضاحت کریں۔

9۔ اصل صلہ رحمی کیا ہے؟ حدیث لکھیں۔

10۔ بچوں کی ترتیب کے متعلق فرمان مصطفیٰ ﷺ لکھیں۔

11۔ والدہ کی شان میں ایک حدیث لکھیں۔

12۔ والدین کو گالی دینا گناہ کبیرہ ہے حدیث لکھیں۔

سوال نمبر3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ حسن خلق کے بارے میں حدیث لکھیں۔

2۔ اولاد کی تربیت کا کیا اجر ہے؟ حدیث لکھیں۔

3۔ پڑوسی کے حق کے بارے حدیث لکھیں۔

4۔ بیٹیوں کی پرورش کی فضیلت پر حدیث لکھیں۔

5۔ ملازموں پر شفقت کے بارے حدیث لکھیں۔

6۔ خدمت خلق کے بارے حدیث شریف لکھیں۔

7۔ ضحک، تبسم اور قہقہہ میں کیا فرق ہے؟ تحریر کریں۔

8۔ کون کون سی چیز صدقہ ہے؟ حدیث لکھیں۔

9۔ آپ ﷺ کے اخلاق حسنہ پر دو لائنیں لکھیں۔

10۔ کسی کو بد دعا نہیں دینی چاہیے حدیث لکھیں۔

11۔ "كُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّكُمْ مَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ" ترجمہ لکھیں۔

12۔ اخوت کے بارے حدیث لکھیں۔

تفصیلی سوالات

سوال نمبر4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. "عن ابن عباس قال ما من مسلم له والدان مسلمان يصبح اليهما محتسبا الافتح له الله بابين يعني من الجنة وان كان واحدا فواحد وان غضب احدهما لم يرض الله عنه حتى يرضى عنه قبل وان ظلماه قال وان ظلماه" حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ اور تشریح کریں۔

ii. امام بخاری کے علمی مرتبہ و مقام پر ایک تفصیلی مضمون لکھیں۔

iii. احادیث مبارکہ کی روشنی میں قطع رحمی کی مذمت پر ایک جامع اور مدلل مضمون لکھیں۔

ورق الٹیے

سوال نمبر5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ **10x2=20**

i. درج ذیل میں سے ایک کے حقوق احادیث مبارکہ کی روشنی میں لکھیں۔

والدین اولاد

ii. قرآن وحدیث کی روشنی میں حسن اخلاق پر ایک جامع اور مدلل مضمون تحریر کریں۔

iii. مذاق اور مزاح میں کیا فرق ہے؟ دونوں کا حکم بیان کرنے کے بعد نبی اکرم ﷺ کے مزاح کی چند امثلہ تحریر کریں۔